**OCTOPUS DIGITAL** **Octopus Digital Limited** آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ

# نوٹس برائے آٹھواں سالانہ اجلاس عام

اطلاع دی جاتی ہے کے آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ " کمپنی " کا آٹھواں سالانہ اجلاس عام مورخہ 30 اپریل 2025ء بروز بدھ صبح 10:00 بجے بمقام دی نشاط ہوٹل، گرینڈ امپیریل ہال، 9-A، تیسری منزل، گلبرگ III، میاں محمود علی قصوری روڈ، لاہور سے مندرجہ ذیل کاروباری امور کو انجام دینے کیلئے منعقد ہوگا۔

**الف۔عمومی کاروباری امور:۔**

ا۔تفصیلات کی منظوری ( Minutes of the Meeting ) جو کہ غیر معمولی اجلاس عام مورخہ 08 جون 2024ء کو منعقد ہوا تھا۔

۲۔31 دسمبر 2024ء کو ختم ہونے والے کمپنی کے مالی سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، چیئرمین کا جائزہ، ڈائریکٹران اور آڈیٹرز کی رپورٹس وصول کرنا ان پر غور کرنا اور انہیں اختیار کرنا۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 223(6) اور S.R.O No.389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023ء کے تحت مطلوب ہے، کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں جنہیں درج ذیل ویب لنک سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

https://octopusdtl.com/investor-information/

۳۔کمپنی کے آڈیٹر کو مقرر کرنا اور اس کا معاوضہ طے کرنا۔حصص یافتگان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کی بورڈ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹران نے ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز کروحسین چوہدری اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا نام آئندہ مالی سال 31 دسمبر 2025ء کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری کیلئے تجویز کیا ہے۔

ج۔کوئی بھی اضافی امور جو کہ چیرمین کی اجازت سے ہونگے۔

بحکم بورڈ:۔ احسن خلیل ( کمپنی سیکرٹری )

لاہور مورخہ **08** اپریل **2025**ء

## ویب لنک برائے آن لائن میٹنگ بذریعہ "ZOOM"

ممبران کو کمپنی کے زیر انتظام ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے AGM میں شرکت کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، نیچے دیے گئے لنک پر عمل کریں:

**https://us06web.zoom.us/webinar/register/WN_5w-13mMPTGClpU2qU_eTng**

شیئر ہولڈرز AGM کے ایجنڈا آئٹمز کے لیے اپنے تبصرے اور سوالات فراہم کردہ ای میل ایڈریس **agm@octopusdtl.com** پر کر سکتے ہیں۔

AGM میں شرکت کیلئے درج ذیل لنک سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں **https://octopusdtl.com/investor-information/**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 223(6) کے تحت، آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کو ای میل کے ذریعے بھیجنے کی اجازت دی گئی ہے۔کمپنی کی سالانہ رپورٹ اور سالانہ جنرل میٹنگ کے نوٹس ان حصص یافتگان کو ای میل کے ذریعے بھیجی جائے گی جن کے ای میل CDC اور شیئر رجسٹر کے ریکارڈ ڈیٹا بیس میں موجود ہیں۔حصص یافتگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ای میل کو مذکورہ بالا لنک یا ای میل یا پوسٹل ایڈریس پر بھیجیں۔سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ https://octopusdtl.com/ پر بھی لوڈ کی گئی ہے اور حصص یافتگان تک آسانی سے قابل رسائی ہے۔

**حاشیات:۔**

**حصص یافتگان کے اجلاس میں شرکت کیلئے۔**

ا۔کمپنی کے حصص کی منتقلی کی کتب مورخہ 23 اپریل 2025ء سے 30 اپریل 2025ء ( بشمول دونوں دن ) بند رہیں گی جس دوران تدوین کیلئے کسی بھی حصص کی منتقلی کی وہ درخواستیں جو درست حالت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز ( پرائیویٹ ) لمیٹڈ، 8-ایف، نزد ہوٹل فاران نرسری بلاک نمبر 6، PECHS، شاہراہ فیصل، کراچی، مورخہ 22 اپریل 2025ء کو دفتری اوقات ختم ہونے سے قبل موصول ہونگی۔ان کو سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور حق رائے دھی استعمال کرنے کے استحقاق کے تعین کیلئے بروقت شمار کیا جائے گا۔

۲۔انفرادی فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور یا وہ جسکی سکیورٹی گروپ اکاؤنٹ میں جمع ہے انکی رجسٹریشن کی تفصیل قوانین کے مطابق لف ہوں، اجلاس میں شرکت کیلئے شناخت کی تصدیق اپنا شناختی کارڈ یا پاسپورٹ سے کروائیں۔

۳۔حصص یافتگان جو کہ CDC میں رجسٹر ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ نمبر جو کہ CDC میں ہے، مہیا کریں۔

۴۔کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹران اپنے ٹرسٹیز کی قرارداد/مختار نامہ بمعہ نامزد کیے گئے شخص کے دستخط نمونہ پیش کریں۔

**پراکسی کی تقرری کیلئے:۔**

ا۔سالانہ اجلاس عام میں شمولیت، بولنے اور حق رائے دھی استعمال کرنے کے مستحق ہر حصص یافتگان کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ شرکت بولنے اور حق رائے دھی استعمال کرنے کیلئے اپنی جگہ کسی پراکسی ( نمائندہ ) کو مقرر کرے اور ایسے پراکسی کو اجلاس میں شرکت، بولنے اور حق رائے دھی استعمال کرنے کی نسبت سے وہی اختیارات حاصل ہونگے جو کہ بذات خود کمپنی کے حصص یافتگان کو حاصل ہوتے ہیں۔پراکسی مقرر کرنے کیلئے ہر لحاظ سے درست اور باقاعدہ مہر شدہ اور دستخط شدہ پراکسی فارم اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہونا ضروری ہے۔پراکسی کا بذات خود کمپنی کے حصص یافتگان میں سے ہونا ضروری نہیں۔

۲۔انفرادی فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور زیادہ افراد جسکی سکیورٹی گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور انکی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق جمع کروائی گئی ہوں، پراکسی فارم مکمل اور صحیح طور پر تصدیق شدہ ہو جمع کروانا ہونگے۔

۳۔پراکسی فارم پر دو اشخاص گواہ ہونے چاہییں جنکے نام، پتہ جات، شناختی کارڈ نمبر پراکسی فارم پر لکھے ہوں۔

۴۔حصص یافتگان اور پراکسی کے درست شناختی کارڈ یا فائدہ مند مالکان کے پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ مہیا کریں۔

۵۔پراکسی اپنا شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت یا آن لائن رجسٹریشن کے وقت پیش کرے۔

۶۔کارپوریٹ شناخت کی صورت میں مختار عام بورڈ آف ڈائریکٹران کا ریزولوشن نامزد کیے گئے شخص کے دستخط نمونہ جات کے ساتھ اجلاس کے وقت یا آن لائن رجسٹریشن کے وقت پیش کرے۔